صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز بدھ مورخہ 11 ستمبر 2013ء

(بمطابق 04 ذیقعد 1434ہجری)

جلد 4 شمارہ 2

سرکاری رپورٹ

مندرجات — صفحہ نمبر

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	63
2۔نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	64
3۔اراکین کی رخصت	89
4۔ مسودہ قانون مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا(Explosives)	89
5۔ مسودہ قانون مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا(Explosives)	90
6۔ مسودہ قانون مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا(Explosives Substances)	90
7۔ مسودہ قانون مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا(Explosives Substances)	91
8۔ضمیمہ (سوال نمبر 225 منجانب جناب زرین گل، رکن اسمبلی)	92

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 11 ستمبر 2013ء بمطابق 04 ذیقعد 1434ہجری بعداز دوپہر چار بجکر نو منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَـٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَـٰنِ الرَّحِیمِ۔
وَالۡعَصۡرِO إِنَّ الۡإِنسَـٰنَ لَفِی خُسۡرٍO إِلَّا الَّذِینَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّـٰلِحَـٰتِ وَتَوَاصَوۡاْ بِالۡحَقِّ وَتَوَاصَوۡاْ بِالصَّبۡرِ۔

(ترجمہ): عصر کی قسم۔ کہ انسان نقصان میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے۔ وآخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَـٰلَمِینَ۔

نشانزدہ سوالات اورانکے جوابات

جناب سپیکر: آج کچھ سوالات کے جوابات ہیں خاصکر پبلک ہیلتھ کے حوالے سے، تو میں جناب قیموس خان سے ریکویسٹ کرتاہوں کہ وہ اپنا کوسچن ایوان میں پیش کریں۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر! سوال نمبر 213۔

جناب سپیکر: جی۔

* 213 _ جناب قیموس خان: کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ دور حکومت میں سال 2008تا2013کاڈسٹرکٹ فنڈ ممبران اسمبلی کی مرضی کے مطابق خرچ کیاجاتاتھا؛

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو PK-86سوات کیلئے کتنا فنڈ فراہم کیا گیا تھا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ(وزیربلدیات): (الف) اس ضمن میں عرض ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں سال 2008تا2009ڈسٹرکٹ فنڈ متعلقہ یونین کونسل ناظمین کی مرضی کے مطابق خرچ کیا جاتا تھا۔

(ب) سال 2010تا2013 PK-86سوات کے فنڈ کی تفصیل درج ذیل ہے جوکہ ممبران اسمبلی کی مرضی کے مطابق خرچ کیا جاتا تھا۔

1۔	2010-11	رقم: 5000000روپے
2۔	2011-12	رقم: 4998200روپے
3۔	سابقہ فنڈ برائے سال 2011-12	رقم: 5374000روپے
4۔	2012-13	رقم: 6280000روپے
		کل رقم: 21652200روپے

جناب قیموس خان: جناب سپیکر، د دې سوال ما ته جواب ملاؤ شوے دے جی، نور څه انفارمیشن مې پکښې پکار دی خو هغه به زه د محکمې نه پخپله را واخلم او نور په دې باندې زور نه اچوم۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر! ضمنی سوال دے جی زما۔

جناب سپیکر: اچھاجی۔یہ دوسراہے جناب مظفر سید صاحب۔ مظفر سید صاحب!ایک منٹ، یہ احمد بہادر۔

جناب احمد خان بہادر: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سپیکر صاحب، دا کوئسچن نمبر 213 قیموس خان صاحب پیش کړے وو چې کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ گزشتہ دور میں ڈسٹرکٹ فنڈ ممبران اسمبلی کی مرضی کے مطابق خرچ کیا جاتا رہا ہے؟ د دې جواب جی راغلے دے چې او جی، دا تیر شوی 2008 نه 2009 پورې د ناظمینو مطابق وو او د هغې نه بعد دوئ بیا وائی چې د ممبرانو مطابق خرچ شوے دے، هغه په دیکښې لیکلې شوی نه دی۔ جناب سپیکر صاحب، زما سوال دا دے ضمنی چې تیر شوی گورنمنټ کښې چې کوم ډسټرکټ فنډ وو، تیر شوی حکومت به هغه فنډ بیا متعلقه ایم پی اے گانو له ورکړے وو، وئیل ئے چې یره دا تاسو لګوئ، په خپلو خپلو حلقو کښې ئے لګوئ۔ که د اپوزیشن ممبران وو نو هغوی له ئے هم ورکړے وو، که د گورنمنټ ممبران وو نو هغوی له ئے هم ورکړے وو، اوس لا پته نه لګی بل کوئسچن رارواں دے، په هغې کښې به بیا مونږ دا تپوس وکړو چې آیا گورنمنټ بلدیاتی الیکشن کوی یا نه کوی؟ جناب والا، چې د کومې پورې بلدیاتی الیکشن نه وی او ناظمان یا کونسلران نه وی راغلی، آیا دا فنډ به تاسو اپوزیشن والا له هم ورکوئ که نه دا صرف خپل گورنمنټ ممبرانو له به ئے ورکوی؟

جناب سپیکر: عنایت صاحب۔

وزیر بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ دا خو فریش کوئسچنز دی دا دواړه او زه وایم که دوئ دا اسمبلی ریکارډ باندې دغه Proper wording ئے وکړی، Coin کړی دا کوئسچنز او وئے کړی نو تفصیلی جواب به ورته ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ سوال نمبر 295، جناب مظفر سید صاحب۔

* 295 _ جناب مظفر سید: کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ایم ایم اے دور حکومت میں ضلع دیر پائیں کے حلقہ PK-95 میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت واٹر سپلائی سکیم بادین کی منظوری دی گئی تھی جو کہ گزشتہ دور حکومت میں بورنگ، ٹیوب ویل کی عمارت، ٹینکی اور پائپ لائن بچھا کر کام مکمل کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم پر حکومت کے کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود علاقے کے عوام پانی کی سہولت سے مستفید نہیں ہو رہے ہیں اور تاحال نامکمل ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2006 تا 2008 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں واٹر سپلائی سکیم بادین کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی اور تاحال کتنی رقم خرچ کر کے مکمل کی گئی ہے۔ سول ورکس، بجلی سپلائی، پائپ لائن اور دوسرے ضروری کاموں پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل آئٹم وائز الگ الگ بتائی جائے؛

(ii) مذکورہ سکیم میں کتنے کنوؤں کی بورنگ ہوئی، ٹیوب ویل سے مین ٹینکی تک بچھائی گئی پائپ لائن کے سائز اور لمبائی کی تفصیل اور مین پائپ لائن اور ٹینکی کی تعمیر پر اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) مذکورہ سکیم کن کن افسران کی زیر نگرانی شروع اور مکمل کی گئی، ان کے نام، عہدہ، پتہ اور تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ سکیم کو چالو اور کارآمد بنانے کیلئے مزید کتنی رقم کی ضرورت ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ):</u> (الف) ایم ایم اے دور حکومت میں ضلع دیر پائیں کے حلقہ PK-95 میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت آبنوشی منصوبہ بدین کامبٹ کی منظوری دی گئی تھی، جس میں گزشتہ دور حکومت میں بورنگ، ٹیوب ویل کی عمارت، ٹینکی اور پائپ لائن کا کام مکمل کیا گیا ہے۔

(ب) جی نہیں، یہ سکیم دو حصوں پر مشتمل ہے اور اس پر کل 20.725 ملین روپے لاگت آئی ہے۔ اس سکیم کا ایک حصہ یعنی کامبٹ کا ٹیوب ویل، پائپ لائن، ٹینکی وغیرہ مکمل اور چالو حالت میں ہے اور لوگ اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ البتہ مذکورہ سکیم کے بدین حصے میں معمولی نوعیت کا کام باقی ہے جو کہ ایک ماہ کے اندر مکمل کیا جائے گا۔ ٹھیکیدار کی ضمانتی رقم محکمہ ہذا کے پاس موجود ہے۔ محکمہ واپڈا (پیسکو) کو ٹرانسفارمر کی رقم مبلغ -/776914 روپے بذریعہ چیک نمبر 324660 مورخہ 07-06-2010 کو ادا کی جا چکی ہے مگر تاحال ٹرانسفارمر وغیرہ کی تنصیب باقی ہے جس کیلئے پیسکو کو بار بار یاد دہانی کرائی جاتی ہے۔

(ج) (i) سال 2006 تا 2008 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت منصوبہ مذکورہ کیلئے 20.725 ملین روپے مختص کئے گئے۔ منصوبہ مذکورہ DWSS Kombat & Badin Kalay Dir (L) ADP No. 239/60372 (2006-07) اور ADP No. 230/60372 (2008-09) کی آئٹم وائز خرچ شدہ رقم کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1)	ٹیوب ویل	2عدد	=/1.181ملین روپے
(2)	سول ورک / پمپ ہاؤس	2عدد	=/0.696ملین روپے
(3)	پمپنگ مشینری	3عدد	=/1.585ملین روپے
(4)	بیرونی بجلی(ٹرانسفارمر)	2عدد	=/1.606ملین روپے
(5)	رائزنگ مین	2عدد	=/2.392ملین روپے
(6)	سٹوریج ٹینک	2عدد	=/0.684ملین روپے
(7)	پائپ لائن	2عدد	=/12.482ملین روپے

(ii) مذکورہ سکیم میں دو عدد ٹیوب ویلز کی بورنگ ہوئی ہے۔ ٹیوب ویل سے سٹوریج ٹینک تک چھ انچ قطر کی دو ہزار فٹ پائپ بچھائی گئی ہے۔ اس پر 1.291 ملین روپے لاگت آئی ہے اور سٹوریج ٹینک کی مرمت پر0.113ملین روپے لاگت آئی ہے۔

(iii) مذکورہ منصوبہ درج ذیل افسران کی نگرانی میں شروع اور مکمل ہوا ہے:

(1)	فضل سبحان	ایکسیئن	ریٹائرڈ
(2)	سرفراز جہاں	ایکسیئن	حال ایس ای بنوں
(3)	جہانزیب	ایس ڈی او	حال فاٹا
(4)	صاحب زرین	سب انجینئر	حال تیمرگرہ

مذکورہ منصوبہ کو چالو کرنے کیلئے بیرونی بجلی بذمہ واپڈا/پیسکو تنصیب باقی ہے جس کیلئے پہلے ہی ادائیگی کی جاچکی ہے، نیز مزید رقم کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب مظفر سید: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 295 (الف) (ب) (ج)۔ زما جي ضمني سوال دا دے چې ما چې کوم انفارمیشن غوښتلی دی نو هغه خو ئے دلته د الفاظو هیر پهیر کړے دے۔ د افسوس خبره دا ده سپیکر صاحب چې د 2002 نه د 2007 پورې چې کومه اسمبلی وه، د ایم ایم اے دور کښې چې کوم سکیمونه منظور شوی دی Still هغه Incomplete پراته دی۔ بل پیریډ ورپسې هم تیر شو، د ګورنمنټ پیسه دغه شان ضائع شوه۔ واپډا هم په دیکښې، د هغوی په Part باندې هم کمے دے، هغوی هم کمے کړے دے خو مونږ دا تپوس کوؤ سپیکر صاحب چې په کروړونو روپئ دغه شان خرچ شوې دی، د هغې Output نشته،

سکیمونه خراب شو، پبلک هیلتھ په دیکښې هیڅ څه Expedite کړی نه دی نو په "دې باندې به زما ریکویسټ دا وی چې یواځې دا نه" بلکہ اس کو بنیاد رکھتے ہوئے پورے صوبے کا ایک جائزہ لیا جائے کہ کروڑوں روپے کیوں خرچ ہوئے، کیسے خرچ ہوئے اور ان کا Output کیا ہو گیا؟ لوگ پانی کیلئے ترس رہے ہیں اور وہ صرف ٹی اے / ڈی اے لے رہے ہیں، ایم اینڈ آر کے فنڈز لے رہے ہیں، اس میں وہ مزے لے رہے ہیں، غریب عوام کے دکھ درد میں کوئی شریک نہیں ہوتا ہے تو میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اس سوال کو بنیاد بناتے ہوئے اس میں انکوائری آرڈر کریں اور اس میں پورے صوبے کا پوچھا جائے۔ میری یہی ریکویسٹ منسٹر صاحب سے ہو گی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: مفتی صاحب! اس کے متعلق ہے؟

مفتی سید جانان: جی۔

جناب سپیکر: اچھا جی۔

مفتی سید جانان: ضمنی سوال دے، هم د دې متعلق به خامخا وی خو دا لکه مظفر سید صاحب جی چې شنگه خبره وکړه، هم دغه شان خبره ده. دا (ب) جز کښې جی تاسو وگورئ، دوئ وائی "آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم پر حکومت کے کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود علاقے کے عوام پانی کی سہولت سے مستفید نہیں ہو رہے ہیں؟"، جواب کښې جی دوئ لیکی: محکمہ واپڈا کو ٹرانسفارمر کی مرمت مبلغ فلاں بذریعہ چیک نمبر فلاں 25-06-2010، په 2010 باندې جی واپډې ته ئے پیسې استولې دی، 2010، 2011، 2012 او 2013 په شروع کیدو باندې ده، تر اوسه پورې مطلب دا دے واپډې والا ټرانسفارمر ونه لگولو. دا جی یواځې د دې ځائے مسئله نه ده، د هر ایم پی اے حلقې کښې لس پینځلس، اته او شپږ سکیمونه به داسې وی چې د هغې به پینځه پینځه کالونه کیږی، واپډې والا ته به وائی چې ټرانسفارمر ولگوئ، پیسې مې ورکړې دی او ټرانسفارمرې به نه لگوی. زما به دا گزارش وی چې د قومی خزانې ډیرې لوئې روپئ په دې باندې خرچ شوې دی، دې ته د یو خاص کمیټی جی دلته جوړه کړلې شی او دا سوال د جی کمیټئ ته واستولې شی چې دا پیسې د ضائع کولو نه بچ شی۔

جناب احمد خان بہادر: سپیکر صاحب! زما یو ضمنی سوال دے۔

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان خان جی۔

جناب احمد خان بہادر: سر! زما یو سوال دے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر!

جناب احمد خان بہادر: شاه فرمان خان! یو منټ۔ تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، 295 کوئسچن مظفر سید صاحب کړے دے، زه د مفتی صاحب سره اتفاق کوم جی، دا کوئسچن جی مهربانی وکړئ کمیټئ ته ئے ریفر کړئ ځکه چې مونږ په خپل PK-24 چې زما زړه حلقه وه، په هغې کښې مونږ په شیخانو کلی کښې ټیوب ویلې مکمل کړې وې او تر اوسه پورې ئے هغه چالو کړې نه دی۔ مونږ په نودیهه طورو ممتاز آباد کښې کهلاؤ کړی وو جی، هغه تر اوسه پورې نه دی شوی۔ په طورو کښې مونږ بل کړے وو، فنډونه ورته ټول تلی دی، واپډا ته 'پیمنټونه ' شوی دی۔ په مهو ډهیرئ کښې جی مونږ کړی وو، هلته په خپله زړه حلقه کښې، په خواجه رشکئ کښې مونږ کړی وو بلکه اوس پکښې بعضې داسې شوی دی جی چې د هغې د پاره هغه زمکه خلقو ورکړې ده، د هغې خلقو سره زمونږ Commitment شوے وو، اوس زمونږ موجوده ممبران صاحبان هغه د هغه ځائے نه شفټ کوی بل ځائے ته، نو زما ګزارش دا دے چې دا خو هغه وخت هم مونږ په Need basis باندې کړی وو، د خلقو ضرورت ته مو کتلی وو او د هغوی د ضرورت مطابق مو کړی وو۔ زما ګزارش دا دے جی چې مهربانی وکړئ دا سوال کمیټئ ته ریفر کړئ ځکه چې دې واپډا ته ډیر زیات 'پیمنټونه' شوی دی او هغه ټیوب ویلې چې په ټائم باندې چالو نه شی او د هغې صفایانې ونه شی نو هغه ټیوب ویل خراب شی، هغه ختم شی نو چې د واپډې هغه متعلقه خلق هم دې له راوغوښتلې شی او مونږ هم تلے شو او زمونږ د ملګرو، د چا چا څه اعتراضات وی چې په هغه ټائم سره پیش شی۔ تهینک یو، مسټر سپیکر۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر!

ایک رکن: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میرا خیال ہے اس کے بعد آپ، اس کے بعد آپ بات کر لیں گے۔ اگر منسٹر صاحب مطمئن نہ کر سکے تو آپ بات کر لیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: واپڈا کے حوالے سے جو تحفظات ہیں اور جو باتیں کی گئی ہیں، یہ بالکل درست ہیں۔ میں نے ڈیپارٹمنٹ میں لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر جو میری Findings ہیں، وہ یہ ہیں کہ Payment کے بعد Average ڈھائی سال واپڈا کا ٹائم لائن ہے کہ ڈھائی سال بعد وہ ٹرانسفارمر فراہم کرتا ہے۔ اس کے اندر یہ نقصان ہو جاتا ہے کہ اگر چھ مہینے سال کے اندر کوئی سکیم 'کمپلیٹ' ہو جائے تو ڈیڑھ سال اگر وہ ٹرانسفارمر کا انتظار کرے تو وہ پائپ ہیں، مشینیں ہیں، وہ بھی خراب ہو جاتی ہیں، پائپ Rusted ہو جاتے ہیں اور جو سب سے بڑا نقصان ہے، وہ یہ ہے کہ Water contaminated ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے بیماریاں پھیلتی ہیں تو واپڈا کا یہ Criminal negligence ہے۔ میں بالکل Agree کرتا ہوں، اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں اور واپڈا حکام سے اس پر بات کی جائے (تالیاں) کہ وہ کیوں یہ نہیں کرتے ہیں؟

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب! کیا Opinion ہے؟ منسٹر لاء۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، کمیٹی کے حوالے کریں اس کو؟

(تحریک منظور کی گئی)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: دوسرا جو کوسچن نمبر 295 ہے، اس کے اندر جو Statistical details ہیں، اگر یہ مظفر سید صاحب سمجھتے ہیں کہ یہ الفاظ کی ہیرا پھیری ہے تو اس کے اندر میں انکوائری آرڈر کرتا ہوں کہ صحیح Statistics سامنے لائی جائیں کہ جس نے بھی اگر کوئی Negligence کی ہے، جس کا بھی قصور ہے تو اس کے ساتھ اسی طرح Treat کیا جائے۔ میرے ڈیپارٹمنٹ میں انصاف ہوگا، I will deal them ruthlessly، انکوائری آرڈر کرتا ہوں اس پر میں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: کمیټۍ ته لاړو بالکل، کمیټي شوه او دویم چې مظفر سید صاحب کومه خبره وکړه، د هغې مطابق منسټر صاحب بالکل Explain کړه چې یره څه د هغې دغه وی۔

ایک رکن: کمیٹیاں کدھر ہیں؟

جناب سپیکر: دیکھو کمیٹیاں ہو جائیں گی، اس کو (سوال) مل جائیگا۔ کمیٹی ہو جائے تو یہ معاملہ اس میں چلا جائیگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ میں نے بتایا ہے، میں نے ہاؤس سے اس کی منظوری لے لی ہے، ہاؤس کے سامنے میں نے رکھا ہے کہ یہ کمیٹی کے حوالے کریں اور سارے ہاؤس کی یہ Commitment ہے نا۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو تو، چونکہ ریکویسٹ بھی اپوزیشن کی طرف سے آئی تھی کہ یہ کمیٹی کے حوالے کر دیں اور اپوزیشن یہ سوال کرے کہ کمیٹی ہے کہ نہیں؟ تو بہتر ہے کہ وہ پہلے پتہ کرے کہ اگر کمیٹی نہیں ہے تو کوئی دوسرا راستہ اور اگر کمیٹی ہے تو کمیٹی کو (حوالہ کرنے کی) ریکویسٹ کرے۔ ہم نے آپ کی بات کے اوپر لبیک کہا ہے، (تالیاں) ہم نے آپ کی بات پر لبیک کہا ہے، آپ آپس میں مشورہ کر کے، آپ ریکویسٹ کریں، ہم حاضر ہیں۔

جناب سپیکر: منور صاحب! منور صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب! کیا یہ کمیٹیاں بھی ہم نے بنانی ہیں؟ سپیکر صاحب، شاہ فرمان صاحب ته دا خبره کوی چې کمیټیانې به تاسو جوړوئ، دا اپوزیشن نه جوړوی، تاسو ته لا دومره هم معلومات نشته نو کم از کم ته خپل کسانو سره کښېنه چې کمیټیانې جوړوی شوک؟

جناب سپیکر: میں تھوڑا Explain کروں جی۔ اس طرح ہے جی کہ کمیٹیاں تقریباً Proposal final ہو چکی ہے، میں تھوڑا اس پر احتیاط کرنا چاہ رہا تھا کہ سب کی Consensus ہو۔ اس پر میں نے تمام پارلیمانی لیڈرز کو اور تمام جو بھی ہیں، ان کو میں نے Onboard کیا ہوا ہے۔ دو تین ایشوز ہیں کہ میں Concerned لوگوں کے ساتھ بات کرونگا۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ اس سیشن کے دوران وہ میں اناؤنس کروں ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (تالیاں / شور) ایک منٹ جی۔ دیکھیں کورم کا بھی خیال رکھیں، ٹائم بھی۔ محمد علی شاہ صاحب بات کرنا چاہتے ہیں۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر! تاسو دا خبره وکړه چې پارلیمانی لیډران Onboard اخستی شوی دی نو مونږ سره خو چا رابطه نه ده کړې جی، کوم پارلیمانی لیډر سره رابطه شوې ده؟ زما په خیال که بابک صاحب سره شوې وی یا بل چا سره، مونږ سره خو چا رابطه نه ده کړې؟

جناب سپیکر: د هغې باره کښې، آپ کو باقاعدہ Official letter بھیجا گیاہے اور آپ سے ہم نے Recommendations منگوائی ہیں اور ہمارے پاس اس کا ریکارڈ موجود ہے۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر! نہ ہم سے کوئی Recommendations مانگی گئی ہیں اور۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کو لیٹر نہیں ملا؟ آپ مجھ سے ملیں اس کے بعد، تاکہ میں 'کنفرم' کروں کیونکہ ہم نے تمام پارلیمانی لیڈرز کو لیٹرز بھیج دیئے ہیں۔

سید محمد علی شاہ: ما ته نه دے ملاؤ شوے لیټر۔

جناب سپیکر: میں 'کنفرم' کرتا ہوں۔ اچھا جی، Next Question جو ہے، اچھا جی، اس کے بعد Next Question۔ (مداخلت) کمیٹی میں آپ کو ڈالیں گے، جو بھی کوسچن ہے آپ کا۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! میرے حلقے میں ٹی ایم اے صوابی میں یو این ڈی پی فنڈ میں تین ٹیوب ویلز لگائے ہیں جو کہ انہوں نے اسی طرح ادھورے چھوڑ دیئے ہیں آخر میں۔ ٹی ایم اے سے پوچھا جائے یا کسی سے پوچھا جائے کہ آخر اس کا ذمہ وار کون ہے؟ اس پر ڈھائی ڈھائی، تین تین کروڑ روپے لگے ہوئے ہیں، انہوں نے پیسے جیب میں ڈال دیئے ہیں اور تینوں سکیمیں جو ہیں، وہ ٹوپی میں ہیں اور وہ یو این ڈی پی فنڈ میں ہیں۔ ان کا پتہ کرایا جائے کہ اگر Feasible نہیں تھیں، میں نے خود ٹھیکیدار سے بات کی ہے۔۔۔

جناب سپیکر: شیراز خان! چونکہ یہ کمیٹی میں جا چکا ہے، آپ کو کمیٹی میں بھی ڈال لیں گے، جو جو آپ کا کوسچن ہے، وہاں وہ کر لیں، اس کو Raise کر لیں پھر۔ ٹھیک ہے جی، اس کو ہم نے کمیٹی میں ڈال دیا ہے۔ میں جعفر شاہ صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کہ کوسچن 219۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: 219 سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 219 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع سوات میں مختلف مقامات پر ضرورت کے تحت ٹی ایم ایز قائم کی گئی ہیں جن کے دائرہ اختیار میں نچلے درجے کے عملے کی تعیناتی بھی شامل ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ٹی ایم اے خوازہ خیلہ میں کل کتنی آسامیاں ہیں، کتنی آسامیوں پر تقرری ہو چکی ہے اور کتنی اب بھی خالی ہیں؛

(ii) PK-85 کی دو یونین کونسلوں فتح پور اور میاندم کو ملازمت میں حصہ دیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں، یہ بالکل درست ہے کہ ضلع سوات میں مختلف مقامات پر ضرورت کے تحت ٹی ایم ایز جواب میونسپل کمیٹیز ہیں، قائم کی گئی ہیں جس میں نچلے درجہ Non) (PUGF عملے کی تعیناتی بھی شامل ہے۔

(ب) (i) پرانے نظام (لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001) کے مطابق سوات کی تمام نئی قائم ہوئی ٹی ایم ایز کو نچلے درجہ کی 13, 13 آسامیاں دی گئی تھیں جن پر بھرتی صوبائی حکومت کی منظوری اور ہیڈ کوارٹر ٹی ایم ایز منگورہ کی این او سی سے مشروط کی گئی تھی جس کے مطابق ٹی ایم اے خوازہ خیلہ میں صوبائی حکومت کی منظوری کے بعد صرف ایک بندے (جہانزیب ولد امین) جس کا تعلق مینگورہ تحصیل بابوزئی سوات سے ہے، کو بمطابق حکم نامہ 267/TMA/Khwaza Khela، مورخہ 30-10-2012 کو بھرتی کیا گیا۔ مزید برآں سرپلس پول مینگورہ سے چار اہلکاروں کو کھپایا گیا جبکہ پانچ افراد ڈیلی ویجز پر کام کر رہے ہیں۔ 2013 میں نیا نظام (لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2012) نافذ کیا گیا اور صوبائی حکومت نے تمام میونسپل کمیٹیز سے نیا (Orgonagam) مانگ لیا گیا ہے جس پر صوبائی حکومت تیزی سے عملدرآمد میں مصروف ہے۔

(ii) اس سلسلے میں عرض ہے کہ صوبائی حکومت نے لوکل کونسل بورڈ کے سروس سٹرکچر میں بہتری لانے کیلئے ماہر کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی ہیں جس نے فی الحال اپنی عبوری رپورٹ پیش کی ہے جس پر صوبائی حکومت تیزی سے کام کر رہی ہے۔ مذکورہ رپورٹ کی منظوری سے صوبے بھر کے اضلاع میں قائم ڈسٹرکٹ کونسلز اور میونسپل کمیٹیوں کو اپنا قانونی حق مل جائے گا۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میرے خیال میں ابھی نئے سیکرٹری صاحب آئے ہیں، حفظ الرحمان صاحب بہت Competent آدمی ہیں، اس نے بہت اچھا جواب دیا ہے، میں کافی حد تک مطمئن ہوں۔ ایک چیز کی مجھے یہاں پر فکر ہے، یہ جو پوزیشن تھی تو تین مہینے تو نگران سیٹ اپ میں گزر گئے، اب چار مہینے اس 'سیٹ اپ' میں گزر گئے اور درجنوں ٹی ایم ایز ایسی ہیں کہ Without staff ہیں، تو وہ کہتے ہیں کہ تیزی سے کام ہو رہا ہے تو میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنے کی جسارت کرتا ہوں کہ یہ بہت جلدی کا کیا مطلب ہے؟ کوئی ڈیڈ لائن ہے؟ چونکہ ابھی ہم اخباروں میں پڑھتے ہیں کہ نیا لوکل گورنمنٹ آرڈیننس آ رہا ہے، اگر یہ اس سلسلے کی کڑی ہو تو یہ تو میرے خیال میں پھر چھ مہینے اور بھی لیٹ ہو جائیں گے کیونکہ

ابھی اگر میں اپنی ٹی ایم اے کی مثال دیدوں تو صرف One TMO is recruited over there اور ابھی سوات میں ڈینگی اور اس قسم کی چیزیں ہیں تو وہ لوگ یہ کام صحیح وقت پر نہیں کر سکتے تو یہ کب تک ہو جائیگا؟ مطلب ہے بہت تیزی سے، تیزی کا مطلب کیا ہے؟

جناب سپیکر: عنایت اللہ خان، عنایت اللہ خان۔ عنایت اللہ۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر! پہ دې زما ضمنی سوال دے۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

Mr.Inayatullah Khan (Minister for Local Government): Who has the Floor, Sir?

جناب سپیکر: جی۔

Minister for Local Government: Who has the Floor?

جناب سپیکر: جی جی، جی زہ بہ بیا-----

وزیر بلدیات: But he is talking میرے پاس تو فلور نہیں ہے، Somebody else is speaking.

جناب سپیکر: نہیں آپ بات کر لیں، اسکا جواب دیدیں، تو پھر میں اس کے بعد، اگر اس کا کوئی کو سچن رہتا ہو تو اس کے بعد، آپ بات کر لیں، ہاں جی۔

وزیر بلدیات: اچھا سر۔ جی یہ ہے کہ نئے لوکل گورنمنٹ لاء کا ڈرافٹ تیار ہو چکا ہے اور ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کیبنٹ میں اس کو بھیج دیں اور ہماری تو کوشش ہے کہ اسی اسمبلی میں لے آئیں اس کو، تو اسلئے کوئی نئی Exercise کرنے کی بجائے ہم یہ چاہ رہے ہیں، یہ جو 2012 کا ایکٹ ہے، اس کے اندر بڑی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ وہ ٹی ایم ایز اب ختم، They are no more TMAs، ختم ہو گئی ہیں، کمیٹیاں بنائی گئی ہیں، ڈسٹرکٹس کونسلز بنی ہیں، میونسپل کارپوریشن بنی ہے اور ہمارے نئے مجوزہ نظام کے اندر تحصیلیں دوبارہ Restore ہو رہی ہیں جس میں ٹی ایم ایز بنیں گی So وہ جب آئے گا تو میں جعفر شاہ صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہم ان کو Accommodate کریں گے، ان کے Point of view کو Accommodate کرینگے اور وہ اس کو دیکھ لیں اور اس میں بھی Further اگر ان کا کوئی ایشو ہے تو We are ready to resolve it لیکن وہ جو مجوزہ نظام ہے، اس کو ہم بڑی جلدی لا رہے ہیں، یعنی

میری طرف سے کم از کم وہ فائنل ہو چکا ہے، میں نے جو ڈیپارٹمنٹ کے اندر ڈرافٹ تھا، میں نے اس کو دیکھ لیا ہے، سیکرٹری نے اس کو دیکھ لیا ہے، یعنی آگے ہم اس کو بھیج رہے ہیں۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ جناب سپیکر! ٹھیک ہے لیکن یہ ہے کہ یہ کب تک آئے گا؟ اسی سیشن میں یہ پیش ہو جائے گا یہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس؟

وزیر بلدیات: اسی کے اوپر میٹنگ ہوئی تھی، سی ایم صاحب نے انسٹرکشنز ایشو کی ہیں کہ ایک احتساب کمیشن والا اور لوکل گورنمنٹ والا تو ظاہر ہے ہماری طرف سے تو فائنل ہے، آگے لاء اسٹیبلشمنٹ اور کیبنٹ کے اندر جا کر اگر نہیں پھنس جاتا ہے تو ہم تو کوشش کر رہے ہیں کہ اسی سیشن میں اس کو لے آئیں۔

جناب جعفر شاہ: کیونکہ اس کی وجہ سے پورا سسٹم۔۔۔۔

وزیر بلدیات: دیکھیں، یہ اسی سیشن کے اندر ہم نہ لا سکے تو پھر میں اور یہ بیٹھ کر ان کا جو مسئلہ ہے، اس کو حل کرینگے جی۔

جناب جعفر شاہ: ٹھیک ہے، تھینک یو۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ہاں جی، بابک صاحب، سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زه به منسټر صاحب ته هم دا رایاد کړم او بیا حکومت ته به هم رایاد کړم چې زما یقین دا دے چې په Ninety days کښې خو د لوکل باډیز د الیکشن وعده د ټول قوم سره شوې ده او بیا منسټر صاحب هم دا وائی چې ډرافټنګ په هغې باندې شوے دے او مخکښې لاء ته لیږلے شوے دے، زما یقین دا دے چې Ninety days خو ختمې شوې دی خو بیا هم څومره زر چې کیدے شی پکار دا ده که په هغې کښې Plus minus وی یا څه داسې خبره پکښې وی، ځکه چې په ډیرو حوالو باندې تر کومې پورې چې مونږ په اخباراتو کښې کتلی دی، لا ما پخپله مسوده کتلې نه ده خو دا د دوئ چې کوم Proposal دے چې په یونین سائډ باندې یا په ویلج کونسل سائډ باندې به دا انتخاب چې دے، دا ډائریکټ انتخاب چې دے، دا به غیر جماعتی وی او بیا چې کله خلق منتخب شی، د هغې نه پس به بیا د هغوی سره یو Stipulated

time وی چې په هغې کښې به پولیټیکل پارټو کښې شاملیږی نو بهرحال وزیر صاحب د بیا که مناسب ګڼی، د دې خبرې د هم وضاحت وکړی چې دا کوم Format دوئ جوړ کړے دے یا دا کوم ډرافټنګ دوئ کړے دے ، دا Proposal چې دے ، آیا چې دا د Bottom نه په جماعتی سائډ باندې دے او که نه په Bottom باندې غیر جماعتی باندې دے او مخکښې به بیا هغه جماعتی کیږی؟ نو که د دې هم لږ وضاحت وکړی نو ډیره زیاته مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔چونکہ یہ سوال تومتعلقہ نہیں ہے،بہر حال پھر بھی آپ۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: زما خیال دے چې دا ډاکیومنټ د ورکنګ ګروپ او زما د ډیپارټمنټ د طرف نه فائنل دے ، But this is not the final document, it has to go to Law, it has to go to Establishment, it has to go to the Cabinet نو دې وخت کښې به Premature وی چې زه دا اووایم چې څه پوزیشن دے۔ Proposed draft کښې ویلج کونسل Non-party basis باندې دے او تحصیل کونسل او ضلع کونسل په Party basis باندې دے But میں یہ ایشورنس نہیں دیتا کہ This will be the final decision. May be، کیبنٹ کے اندر Opinion آجائے کہ اس کو Change کیا جائے،اسلئے This is not the final document۔اگر کیبنٹ کے اندر یہ فائنل ہوتا ہے اور ادھر اسمبلی میں آتا ہے تو آپ کے ساتھ اسمبلی کا فلور موجود ہے،آپ امنڈمنٹ بھی لا سکتے ہیں،آپ کے ساتھ ڈسکس بھی کیا جاسکتا ہے، پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ اور Consensus document اس کو بنایا جاسکتا ہے۔

جناب سپیکر: بلکہ میں۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: یہ ٹائم لائن کی میں بات کروں،ٹائم لائن کی سر، میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹائم لائن۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: ٹائم لائن کی میں بات کروں، جو ٹائم لائن کا مسئلہ ہے، وہ سپریم کورٹ نے کہا تھا اور الیکشن کمیشن نے پھر سپریم کورٹ کو یہ مطلب اپنی معذوری ظاہر کردی کہ ہم نہیں کر سکتے ہیں۔ لیگل پوزیشن یہ ہے کہ جب یہ لاء پاس ہو جاتا ہے، After the enactment of the Act آپ کو، 45 days you need for delimitation and it will be a phenomenal exercise جس میں آپ چار ہزار ویلج کونسلز بنائیں گے، And then you need 15 days for appeal

So you need minimum 60 days for delimitation process. ان کے خلاف،
Soاس سے آپ آگے Calculate کریں۔ اگر ہم اس اسمبلی میں اس میں کامیاب ہو جاتے ہیں کہ اسے پاس کرائیں It can be done in December otherwise ذرا آگے جائیں گے لیکن میں نے ابھی تک Exact date نہیں دی ہے، میں نے کوشش کی ہے کہ میں بالکل جلد، میں نے کوئی پندرہ میٹنگز کی ہیں ورکنگ گروپ کی، بہت کوشش کی ہے، Sincerely کوشش کی ہے کہ اس پراسیس کو میں Expedite کروں لیکن اس میں جو Time constraint تھی، بابک صاحب خود حکومت میں رہے ہیں، He knows the difficulties of the government and rules and regulations، مطلب ان کو پتہ ہے کہ حکومت کے اندر کتنے Blockades اور Checkposts ہوتی ہیں؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی، بابک صاحب۔ وہ دوسرے بھی، مولانا صاحب بھی، اگر اس کو ٹائم نہ دیا تو آپ کو پتہ ہے پھر تو۔۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی۔

<u>جناب سردار حسین</u>: سپیکر صاحب، زہ یو منټ پہ دې باندې خبرہ کوم، دا خو ډیرہ Core issue دہ۔ دا سپیکر صاحب، دا سې وہ څنگہ چې عنایت اللّٰہ خان صاحب خبرہ وکړہ او بالکل زہ د دوئ سرہ Agree کوم چې یو ډیپارټمنټ ریفارمز راولی یا پہ یو سسټم کښې څہ Changes راولی او پہ دې بالکل پوهہ یو چې هغہ د مختلفو مراحلو نہ بہ تیریږی او پہ هغې باندې بہ ډیر ټائم لگی خو بهرحال د هغې جواب خو بہ هغہ خلق کوی چې چا پہ Ninety days کښې د بلدیاتی الیکشن وعدہ کړې وہ، پہ هغې باندې خبرہ نورہ نہ کوم ځکہ چې د Ninety days چې چا وعدہ کولہ نو پکار دا دہ چې هغہ خلق د دې خبرې نہ خبر وے چې یو ډرافټنگ کیږی، آیا پہ هغې باندې څومرہ ټائم لگی؟ دا دویمہ خبرہ چې مونږ کومہ کوؤ سپیکر صاحب، هغہ دا دہ چې مونږ دا گڼو چې دا ډیپارټمنټ هم حکومت دے، دا لوکل باډیز چې دی، دا حکومت دے، لوکل گورنمنټ چې تاسو دا سې ډرافټنگ کړے دے چې د یونټ سائڈ نہ تاسو پہ غیر جماعتی طرز باندې دا الیکشن کوئ،

مونږ دا ګڼو چې دا نه صرف د ډیموکریټک نه هم خلاف خبره ده، یوه۔ دویمه دا چې دا خو د سیاسی جماعتونو د کمزورو سبب جوړیږی۔ دریمه دا چې دا مونږ د جمهوریت خلاف یو سازش ګڼو، دا خو به ډیره زیاته اسانه خبره شی چې په لاندې سطح باندې به غیر جماعتی (سطح) باندې خلق منتخب شی او بیا د دې خلقو حکومت دے، بیا هغه خلق۔۔۔۔

جناب سپیکر: بابک صاحب! میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں۔ اگر آپ اس پر ایک Proper question put up کریں، جو Procedure ہے تو بہتر ہوگا، ہم اس میں وہ لائیں گے تاکہ آپ کا جو نقطہ نظر ہے اور جو بھی آپ کا اس پہ ہے تو اس پر کر لیں گے۔ میں مولانا مفتی فضل غفور صاحب، رکن صوبائی اسمبلی سے کہتا ہوں کہ وہ اپنا Question raise کریں۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! اس کے متعلق میری ایک بات ہے۔

جناب سپیکر: اس کے بعد وہ کر لیں گے۔ مفتی صاحب، مفتی صاحب، مفتی صاحب۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: سر! مجھے ایک ضروری بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: یہ مفتی صاحب بات کر لیں جی، پھر اس کے بعد، ایجنڈے کو بھی۔

جناب محمد عصمت اللہ: تاسو دومره شوم کېږئ مه جی ټائم ورکولو کښې، دا خو خامخا مونږ۔۔۔۔

جناب سپیکر: مونږ وایو کنه، مونږ او تاسو خو وایو چې دا مونځ ټائم په ټائم باندی کوؤ کنه۔ جی بسم اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: خبره داسې ده جی چې دا ملک دے یو صوبه نه ده، دې ملک کښې ډیرې صوبې دی، زه وزیر صاحب ته صرف دومره عرض کول غواړم چې دے په هغه خپل مجوزه شی باندې داسې انداز کښې کوشش نه کوی چې د هغه تجویز یا د هغه مجوزه ترقئ خلاف هم د دغه پارټئ خلق په بله صوبه کښې سپریم کورټ یا عدالتونو ته چاره جوئی کوی نو په دې باندې به مونږ ګڼو چې دا دوئ هسې بیا قصداً داسې سسټم راولی نو دا 90 دن او بیا دا خو هسې قوم سره به مذاق وی جی ځکه چې ته داسې یو ترتیب جوړوې، یو تجویز باندې روان ئې چې په بله صوبه کښې ستا پارټی د هغې خلاف کورټ ته تلل غواړی او هغه تجویز پخپله ته دلته کښې راوړې نو دا خو ډائریکټ دا خبره شوه چې هسې وخت ضائع

کول دی نو لہذا د دې خبرې د خیال ساتی چې دا سې خبره نه وی چې ته د چا خلاف کورټ ته ځې او پخپله ته دا سې شے جوړ کړې چې بیا خلق ستا خلاف کورټ ته ځی۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان خان!

وزیر بلدیات: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، منسٹر صاحب۔

وزیر بلدیات: کوئسچن کښې سر، یہ ضمنی سوال نہیں ہے، یہ کوئسچن پر ڈسکشن ہو رہی ہے، یہ Rule 48 کے تحت نوٹس دیدیں، اس پر ڈسکشن ہو سکتی ہے اور میں یہ بھی کہہ رہا ہوں کہ یہ لاء اسمبلی میں آرہا ہے، یہ لاء بنا نہیں ہے، یہ میں نہیں پاس کروں گا، یہ اسمبلی پاس کرے گی اور اس اسمبلی کے اندر آپ کا Input لیا جائے گا، You come out with your input، آپ اپنی امنڈ منٹس لے آئیں، آپ کے پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ ڈسکس کیا جاسکتا ہے، یہ Proposed Law ہے، Proposed Law ہے، میرا خیال ہے Proposed Law کو اس طرح نہیں ڈسکس کیا جاتا۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب، مولانا صاحب، اس طرح ہے کہ اگر آپ ----۔

(شور)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، میں دیتا ہوں، یہ نلوٹھا صاحب اس پر بات کر لیں گے لیکن میں ایک منٹ جی، نلوٹھا صاحب اس پر بات کر لیں گے۔ میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اگر اس ایشو پر آپ زیادہ سیریس ہیں تو آپ باقاعدہ ایک کوئسچن Put up کر لیں، میں آپ کو باقاعدہ وہ بھیج دوں گا تاکہ اگر کوئی اس قسم کا ڈرافٹ ہے، وہ بھی تیار ہو جائے۔ تو نلوٹھا صاحب۔

جناب سردار حسین: دا دومره دغه چې تاسو کوئ، تاسو وګورئ سندھ حکومت ته چې کله هغوی ډرافټ جوړولو نو هغوی پکښې سول سوسائټی رااوغوښتله، په هغې کښې سیاسی قوتونه رااوغوښتل، دا سندھ کښې تاسو وګورئ سیاسی جماعتونه ټول پکښې ناست وو۔ اوس زمونږ دا تجویز دے، دا تاسو لوکل باډیز چې کوم سسټم جوړوئ، دا د دې صوبې د پاره تاسو جوړوئ او ظاهره خبره ده چې کوم جنګ تاسو نن وینئ، دا چې تاسو دې اسمبلی ته راوړئ، زما یقین دے

چې د دې نه به سیوا په دې باندې جھگړه کیږی، غوره خبره دا ده، ښه خبره دا ده چې سول سائټیInvite کړئ، دا Political elites چې دی یا دا پولیټیکل چې کوم فگرز دی یا پارلیمانی لیډرز دی، د دوئ سره یو وارې دا ډسکس کړئ، زما یقین دا دے چې دا مسئلې به بیا نه کیږی۔ نو مونږ بخښنه غواړو چې دا کم از کم Proper question نه دے راغلے خو په هاؤس کښې دا مسئله Raise شوه۔۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر، سر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، یہ نلوٹھا صاحب بات کر لیں، بالکل آپ کو۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! یہ بالکل میں سمجھتا ہوں کہ ضمنی۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: نلوٹھا صاحب! کارروائی میں آپ نے Basically ایک علیحدہ ڈسکشن شروع کر دی ہے، یہ بھی Violation ہے، 'کوئسچنز آور' ہے، سوال اور سپلیمنٹری ہیں، ابھی ہماری ہندکو میں کہتے ہیں "ماں جمے نہ جمے تے پتر کوٹھے نال پلے" یعنی ابھی لاء آیا نہیں ہے اور آپ لوگ اس کے اوپر، (تالیاں) دوسرا سر، میرا جو پوائنٹ آف آرڈر ہے، جب تک آپ اجازت نہ دیں، مائیک نہیں کھولنا چاہیئے، آپ نام نہیں لیتے لیکن اس کے باوجود اوپر کوئی بیٹھے ہیں (شور) نہ نہ، No no، جب تک Allow نہیں ہو، آپ مائیک نہیں دے سکتے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، یہ آپ کی چیئر کو، یہ آپ کی چیئر کو جناب سپیکر صاحب، یہ آپ کے اختیارات کو کمزور کر رہی ہیں بلکہ بڑی عجیب بات ہے جناب،۔۔۔۔۔

(تالیاں / قطع کلامی)

Ms. Aneesa Zeb Tahirkheli: It is not the right way you have condemned, you have to condemn (applause) Orderly manner, orderly manner. ۔۔۔۔۔ یہ غلط بات ہے جس کو سپیکر صاحب دینگے مائیک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب، نلوٹھا صاحب! بات کریں۔ نلوٹھا صاحب (شور) نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

ایک رکن: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: موقع دے رہا ہوں۔ نلوٹھا صاحب! آپ بات کر لیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، آپ کی بڑی مہربانی۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح آپ کی چیئر میرے لئے قابل احترام ہے، اپوزیشن کیلئے قابل احترام ہے، اس طریقے سے حکومت کیلئے بھی قابل

احترام ہونی چاہیئے اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، بالکل میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ضمنی کوئسچن میں کوئی تقریر نہیں کی جاتی ہے، صرف انتہائی اہمیت کا حامل یہ کوئسچن ہے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ حکومت جو بل لا رہی ہے، اس میں کچھ اصلاح، اگر یہ ہماری سنیں اور سمجھیں تو کچھ اصلاح ہو جائے کہ ایک طرف آپ غیر جماعتی بنیادوں پر اس ایکشن کو کر رہے ہیں اور پھر اوپر اس کو جماعتی بنیادوں پر کر رہے ہیں تو یہ حکومت کا دوہرا معیار نہیں ہو گا جناب سپیکر؟ اور پھر دوسری۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں ریکویسٹ کروں گا، میں ریکویسٹ کروں گا اپوزیشن سے کہ اس کے اوپر باقاعدہ کوئسچن Put up کریں تاکہ اسمبلی میں باقاعدہ اس پر بحث کر لیں۔ میں مولانا فضل غفور صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اپنا کوئسچن Put کریں۔

(شور / قطع کلامیاں)

ایک رکن: تول مه و د ریږئ، تول مه و د ریږئ۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> Question replied۔ دیکھو منسٹر نے باقاعدہ Reply، احمد بہادر صاحب! دیکھو آپ کے جو اپوزیشن لیڈر ہیں، وہ بیٹھا ہے، اس کا مطلب (شور) نہیں دیکھو پارٹی کا، پارٹی کا ایک ڈسپلن ہوتا ہے جو آپ کا لیڈر ہے، وہی بات کرے گا، اگر اس طرح۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> جن پارٹیوں کے پارلیمانی لیڈرز ہیں، وہ تو ہیں، اپوزیشن لیڈر ہمارے مہتاب صاحب ابھی نہیں ہیں تو کیا اب ہم بات نہیں کرینگے یا اگر آپ اس طرح کرینگے کہ اس کا مائیک بند کریں، اس کا منہ بند کریں تو وہ بات نہیں کرے گا؟۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> لاء منسٹر صاحب! لاء منسٹر صاحب! یہ بتائیں کہ اس کا باقاعدہ کیا طریقہ ہوتا ہے، اس پر کیا Comments، آپ اس پر Comments کرتے ہیں؟

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون):</u> بالکل سر۔ سر، میں سمجھتا ہوں جو ہمارے اپوزیشن کے ممبرز ہیں، اگر اپوزیشن سر، مجھے بات تو۔ (شور) سر! (شور) اپوزیشن کے ممبرز (شور / قطع کلامیاں) سر! اگر اپوزیشن کے ممبرز۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: یوه خبره زه واضح کړم، ایک بات میں واضح کروں، میں پوری اسمبلی کا سپیکر ہوں، میرے لئے سب قابل احترام ہیں، سب Respectable ہیں، سب کیلئے میں اکٹھا وہ قائم کرونگا۔ (تالیاں) اور میں کوشش کرونگا کہ قانون کے مطابق میں اس فورم کو چلاؤں۔ اگر کوئی ایشوز، Experience wise کوئی پرابلم ہوا تو مجھے آپ اس کیلئے معذرت کریں گے لیکن میں کوشش کرونگا کہ سب کو جو یہاں کے قواعد ہیں، اس کے مطابق چلاؤں۔ میں سمجھتا ہوں کہ لاء منسٹر اگر ایک Proper جواب دیدیں تو مہربانی ہوگی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: آپ کسٹوڈین ہیں، آپ ہر ایک کا حق ادا کریں۔

Mr. Speaker: Okay, okay.

وزیر قانون: بالکل سر! اپوزیشن کے ممبران کے اگر جذبات مجروح ہوئے ہیں سر، تو گورنمنٹ کی طرف سے میں اس کیلئے معذرت کرتا ہوں اور یقیناً اس ہاؤس کے آپ کسٹوڈین ہیں (تالیاں) اور یہ آپ کا استحقاق بنتا ہے۔ سر! میری گزارش ہوگی کہ Rule 47 کو دیکھا جائے Prohibition of discussion on question or answer تو اس پہ Question / answer مزید نہ ہوں، اپوزیشن ممبران سے میری درخواست ہوگی، اگر وہ اس میں Interested ہیں اور واقعی یہ Burning issue ہے تو Rule 48 کے تحت نوٹس دیدیں تاکہ اس پہ Subsequently پھر ڈسکشن ہو سکے۔

جناب جعفر شاہ: سر! دیکښې زما یو سپلیمنټری کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: جی جی۔ جی بس آپ آخری بات کریں تاکہ میں Next Question کی طرف جاؤں۔ جعفر شاہ صاحب، جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو، جناب سپیکر۔ منسټر صاحب ارشاد او فرمائیل چې شپږ میاشتې به تقریباً په دې پراسیس باندې کم از کم لګی، شپږ میاشتې چې به لګی نو دا دومره تې ایم ایز۔۔۔۔

وزیر بلدیات: وہ ختم ہو گیا سر۔

جناب سپیکر: وہ ختم ہو گیا جی۔

جناب جعفر شاہ: نہیں میں اپنے کوئسچن کی بات کر رہا ہوں۔ میں نے کہا ہے کہ وہاں پہ صرف ایک ٹی ایم او موجود ہے اور کوئی سٹاف نہیں ہے، اگر اتنا عرصہ لگتا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے Explain کیا کہ چھ مہینے کی بات نہیں ہوئی ہے۔

جناب جعفر شاہ: نہیں وہ کہتے ہیں کہ تین مہینے، پتہ نہیں کس چیز کے اور 45 دن کس چیز کے؟ تو یہ TMAs will remain without staff for six months، تو یہ بغیر سٹاف کے رہیں گی؟ میں یہی پوچھنا چاہتا ہوں۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اس طرح ہے، میں نے آپ کو۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب! ایک منٹ جی، جعفر شاہ صاحب! میں نے ریکویسٹ کی ہے۔

جناب جعفر شاہ: نہیں سپیکر صاحب! میری گزارش۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میری بات سنیں، میں نے ریکویسٹ کی ہے، میں نے ریکویسٹ کی ہے کہ اس پہ باقاعدہ کوسچن Raise کریں، وہ میں فلور پہ لاؤنگا تاکہ آپ اس کے اوپر پوری ڈسکشن کریں، یہ بہتر ہوگا تو ابھی Next جاتے ہیں، مولانا فضل غفور صاحب! آپ اپنا جو آپ کا کوسچن ہے۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر صاحب! میری یہ گزارش ہے۔

جناب سپیکر: دیکھیں جی، آپ Written notice دیدیں، Written notice دیدیں۔ میں اس کو ڈسکشن کیلئے اوپن کرتا ہوں، آپ Written notice دیدیں۔ مولانا فضل غفور صاحب، مولانا فضل غفور صاحب۔

(شور)

مولانا مفتی فضل غفور: جی شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ سوال نمبر 296۔

جناب سپیکر: جی۔

* 296 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) PK-79 ضلع بونیر میں آبنوشی کی کئی سکیمیں موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ حلقے میں کل کتنی آبنوشی کی سکیمیں ہیں، ان میں فعال اور غیر فعال کی الگ الگ اور نامکمل سکیموں کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) ہاں۔

(ب) حلقہ PK-79 ضلع بونیر میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن کے تحت مکمل ہونے والی چالو حالت میں تمام سکیمیں نیچے List-A میں درج ہیں جبکہ List-B میں غیر فعال سکیمیں ہیں جو کہ پیسکو کی طرف سے ادائیگی کے باوجود ٹرانسفارمرز کی تنصیبات باقی ہیں:

List-A

Functional Scheme in PHED Buner

S. No	Name of Scheme
01	WSS: Toorwarsak
02	WSS: Daggar
03	WSS: Jowar Bazargai
04	WSS: Bampokha
05	WSS:Ellai
06	WSS: Karapa
07	WSS: Toorwarsak
08	WSS: Nawa Kalay
09	WSS: Ghazi Khani
10	WSS: Banda
11	WSS: Barjokani
12	WSS: Pathora
13	WSS: Jowar Bazargai
14	WSS: Hisar
15	WSS: Khail
16	WSS: Kuza Jangdra
17	WSS: Bara Jangdra
18	WSS: Bagra
19	WSS: Ashizo Maira
20	WSS: Zaga Kandow
21	WSS: Karapa No 2
22	WSS: Bhai Killi
23	WSS: Pira Abai
24	WSS: Kala Khela
25	WSS: Narbatawal
26	WSS: payee Cheena
27	WSS: Ali Sher Banda
28	WSS: Ali Sher Banda
29	WSS: Kingergalai
30	WSS: Ghulo Tangai

31	WSS: Girarai
32	WSS: Hisar Tangai
33	WSS: Shawober Khan
34	WSS: Sultan was
35	WSS: Salarzo Maira
36	WSS: Daggar Maira
37	WSS: Shago Band
38	WSS: Malakpur
39	WSS: Kala Bat
40	WSS: Jowar Kandow Baba
41	WSS: Bampkokha
42	WSS: Babu Khan
43	WSS: Jaffar Koroona
44	WSS: Gagro Inzar Kas (Markandi)
45	WSS: Kitawar naqai
46	WSS: Balongrai
47	WSS: Barjoknai
48	WSS: Rahim Abad

List-B

Non Functional Schemes in PHED Buner

S. No	Name of Scheme	Remarks	Amount to PESCO Cheque No. & date
01	WSS:Khawara Sultan was	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs.187300/- A184613/14 dt:27-5-2006
02	WSS: Sabar Shah	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs. 716264/- A 454020/21 dt: 9/4/2011
03	WSS: Balo Khan	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs.581480/- A 460195/96 dt:17-12-2012
04	WSS: Toorwarsak (I&E)	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs. 580080/- A460195/96 dt: 17-12-2012
05	WSS: Anghapur (I&E)	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs. 705248/- A 460195/96 dt: 17-12-2012
06	WSS: Kingergalai	Not functioning due to non completion of Electrification work by WAPDA	Rs. 1036248/- A 460123/24 dt: 3/3/2012
07	WSS: Battai	Not functioning due to Electrification from WAPDA	Rs. 452120/- A 460195/96 dt: 17-12-2012
08	WSS: Karapa No 3	Incomplete due to non availability of fund by UNICEF	Rs. 16,50,000/- is required for

		work, like External Electrification, P/Machinery and interlinking yet to be executed	completion of the project

مولانا مفتی فضل غفور: جی شکریہ۔ جناب سپیکر، یہ (الف) کیا وزیر آبنوشی صاحب از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ PK-79 ضلع بونیر میں آبنوشی کی کتنی سکیمیں موجود ہیں؟ یہ تو غلط لکھا گیا ہے بہر حال، اور (ب) کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ حلقے میں کل کتنی آبنوشی کی سکیمیں ہیں، ان میں فعال اور غیر فعال کی الگ الگ اور نامکمل سکیموں کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: سر، دیکښې زما یو سوال دے۔

جناب سپیکر: اچھا جی۔ احمد بہادر خان۔

جناب احمد خان بہادر: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر، یو خو زما په خیال ما، زه خو نوے هم یمه، زما په خیال زما نن وړومبنئ یا دویمه ورځ ده۔ (قہقہہ) سر، دا وزیر آبنوشی زما په خیال سکندر خان دے او هغه دلته نشته، کمال دا دے جی، هغوی ته به یقیناً د دې پته وه چې سبا به په ما باندې کوئسچنز راځی، هغوی ته به کیدے شی د دې اطلاع شوې وه، یو خو پکار دا وو چې دا هاؤس دے، هغه دومره ذمه واره سړے دے-----

جناب سپیکر: میں معذرت سے کہتا ہوں، اس کے منسٹر جو ہیں نا، ہمارے شاہ فرمان صاحب ہیں۔

جناب احمد خان بہادر: Okay, okay۔ سر، زما کوئسچن په دې باندې ضمنی دا دے چې د دې نه مخکښې یو کوئسچن راغلے دے 295 سر، په هغې باندې هم د دې ټیوب ویلو په حواله سره خبرې وې، د مظفر سید صاحب کوئسچن وو سر، سر! دا تقریباً لګ بهګ هغې سره تعلق ساتی، زما ګزارش د منسټر صاحب نه دا دے چې دا کوئسچن د هم دغه ته ریفر کړی ځکه چې زمونږ په حلقه کښې ډیرې ټیوب ویلې داسې دی، ایریګیشن ټیوب ویلې داسې دی چې هغه مونږ جوړې کړې دی، د هغې د پاره فنډنګ شوے دے، هغه هر څه برابر شوی دی یا خو هغه پوره نه دی جوړې شوی، Incomplete پاتې شوې دی یا هغه جوړې شوې دی څه معمولی کار په وجه باندې هغه پوره شوې نه دی نو زما ګزارش دا دے جی چې دا کوئسچن د هم د هغې سره کمیټې ته ریفر شی جی۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ: جناب سپیکر! محترم۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! مجھے ایک منٹ دیدیں، میرا اس میں ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: اچھا، شاہ فرمان خان۔ یہ نلوٹھا صاحب بڑے ہمارے، یہ اس میں سپلیمنٹری کوئسچن پوچھنا چاہتے ہیں جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں ریکویسٹ منسٹر صاحب سے یہ کرنا چاہتا ہوں، جو میرا ضمنی کوئسچن ہے کہ پبلک ہیلتھ والے جب کسی ٹیوب ویل کیلئے، کھمبوں اور ٹرانسفارمر کیلئے بجلی کی مد میں واپڈا والوں کے پاس پیسے جمع کراتے ہیں اور وہ خود پبلک ہیلتھ کو ٹرانسفارمر یا کھمبے مہیا کرنے میں دیر کرتے ہیں، ایک سال یا ڈیڑھ سال یا دو سال کبھی کبھی، ابھی جو بتا رہے تھے مفتی صاحب کہ تین سال ہو گئے ہیں، تو جب یہ خود Delay کرتے ہیں اور پھر بعد میں خود واپڈا والے اس کیلئے زیادہ ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ ٹرانسفارمر مہنگا ہو گیا ہے، کھمبے مہنگے ہو گئے ہیں اور پبلک ہیلتھ جب تک ان کو Delay کرنے کی وجہ سے دوبارہ مہنگائی کے پیسوں کا وہ بل جمع نہیں کراتے ہیں تب تک وہ نہیں لگاتے ہیں ٹرانسفارمر اور کھمبے، تو منسٹر صاحب اس کیلئے کوئی لائحہ عمل اختیار کرینگے تاکہ ان کی Delay کرنے کی، ایک تو ٹیوب ویلز کے پائپ اور یہ ساری چیزیں مشینری، یہ تباہ ہوتی ہے اور پھر وہ اوپر سے نئی ڈیمانڈ رکھتے ہیں کہ جی ٹرانسفارمر مہنگا ہو گیا ہے، کھمبے مہنگے ہو گئے ہیں، آپ مزید پیسے جمع کرائیں۔

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ: جناب سپیکر، یہ اب جلد از جلد کمیٹی بنے گی اور یہ فیصلہ ہو چکا کہ یہ سوال کمیٹی کی طرف جائے گا اور کمیٹی کے اندر یہ سارے جو کوئسچنز Raise ہونگے، وہ اس کے اندر حل ہو جائینگے۔ اس سے پہلی بات، احمد بہادر صاحب نے کہا کہ ان کے ایریگیشن کے ٹیوب ویلز کے ساتھ یہ مسئلہ ہے اور یہ اس کوئسچن کے ساتھ Club کیا جائے، تو آبنوشی اور آبپاشی میں فرق ہے، میں وزیر آبنوشی ہوں، وزیر آبپاشی سکندر خان صاحب ہیں، اگر آپ کے ایریگیشن کے ٹیوب ویلز خراب ہیں تو آپ Kindly ان سے کہہ دیں، میں آبنوشی کے ساتھ آبپاشی کے ٹیوب ویلز کا مسئلہ Club نہیں کر سکتا ہوں۔

جناب سپیکر: مولانا فضل غفور صاحب کا جو کوئسچن ہے، اس کا۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: مولانا صاحب کے سوال کا جواب موجود ہے کہ اس میں Functional اور Dysfunctional سکیمیں انہوں نے Clear کیں، List-A میں Functional سکیمیں ہیں جبکہ List-B میں Dysfunctional ہیں اور اگر مولانا صاحب Satisfied نہیں ہیں تو اس کے اندر بھی انکوائری کر سکتے ہیں اور اگر یہ خود سے بتادیں کہ جہاں غلطی ہے، یہ خود مجھے نوٹ کرادیں، میں انکوائری آفیسر بھجواؤنگا اور سارا کچھ آپ کے سامنے ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: دیکبنې چې دا کوم Non functional schemes ورکړی دی نو په دیکبنې بعضې سکیمونه دی چې هغه مختلف این جی اوز، مختلفو پراجیکټونو په هغې باندې انوسټمنټ کړے دے او هغه Functional نه دی۔ د هغې وجوهات نه دی معلوم چې دا ولې نه Functional کیږی؟ لهذا زه د دې موجوده جواب نه مطمئن نه یم او دا د سټینډنګ کمیټئ ته ریفر کړلے شی۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب یہ کہتے ہیں کہ آپ اگر اس کو مطمئن کر سکتے ہیں یا آپ اس کے ساتھ Individual meeting کر سکتے ہیں تو-----

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ مفتی صاحب اگر اس لسٹ سے مطمئن نہیں ہیں تو یہ میرے ساتھ ملیں، مجھے بتادیں کہ کہاں کہاں غلطیاں ہیں، ان کو مطمئن کرنا میری ڈیوٹی ہے، ان شاء اللہ یہ مطمئن ہو جائیں گے، میں خود ان کے پاس چلا جاؤنگا اور ان سے پوچھ لونگا کہ مسائل کدھر ہیں؟

جناب سپیکر: مہربانی۔ کوئسچن نمبر 225، جناب زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: شکریه، محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 225۔ محترم سپیکر صاحب، چونکه موجوده حکومت یو نوے سسټم راوستل غواړی نو زما د دې کوئسچن او د دې د Answer افادیت ختم شو، زه دا Raise کوم نه، ولې چې دا د یونین کونسلو متعلق یوه دغه وه، دا اوس سسټم نوے راروان دے نو زه نه Press کوم۔

(سوال کا متن بمعہ جواب ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

جناب احمد خان بہادر: سپیکر صاحب! سپیکر صاحب، په دیکبنې زما یو کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: چونکہ اس نے یہ کوئسچن Put نہیں کیا، اس نے واپس لے لیا تو اسلئے ابھی اس پہ بات نہیں ہو سکتی۔ یہ کچھ لیجسلیشن کیلئے میں وہ کرنا چاہتا ہوں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ کچھ معزز اراکین نے آج کیلئے چھٹی کی درخواستیں دی ہیں: جناب جاوید نسیم صاحب، ایم پی اے 11-09-2013؛ جناب محمود احمد صاحب، ایم پی اے 11-09-2013 to 13-09-2013؛ جناب عارف احمد زئی صاحب، ایم پی اے 11-09-2013۔ میں فلور سے یہ ریکویسٹ، ان کی جو چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں، آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں، منظوری کیلئے۔

اراکین: منظور ہے۔

Mr. Speaker: Thank you.

مسودہ قانون مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا
(Explosives)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Mr. Israrullah Khan Gandapur (Minister for Law): Thank you, Sir. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Thank you. The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 29 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 29 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 1 to 29 stand part of Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

(Explosives)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move for the passage of the Bill.

Minister for Law: Thank you, Sir. Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Bill, 2013 may be passed at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosive Bill, 2013 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

مسودہ قانون مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

(Explosives Substances)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Minister for Law: Thank you, Sir. Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 9 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 9 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 9 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا
(Explosives Substances)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move for passage of the Bill.

Minister for Law: Thank you, Sir. Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

وزیر قانون: میں ہاؤس کا اور آپ کا مشکور ہوں۔

Mr. Speaker: The Sitting is adjourned till 03:00 p.m. of tomorrow.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات مورخہ 12 ستمبر 2013ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)

ضمیمہ

سوال نمبر 225 منجانب جناب زرین گل، رکن اسمبلی

سوال: کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی حکومت صوبے میں بلدیاتی الیکشن کرانے میں سنجیدہ ہے؛

(ب) 27 جنوری 2011 میں کالاڈھاکہ کی قبائلی حیثیت ختم کر کے ضلع کادرجہ دیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) آیا ضلع تورغر میں ڈسٹرکٹ کونسل اور یونین کونسل کا انتظامی ڈھانچہ مکمل ہو چکا ہے، اگر نہیں تو آیا حکومت ضلع تورغر کے مقامی عوامی نمائندوں کی رائے لے کر انتظامی ڈھانچے کو مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ii) آیا مذکورہ ضلع میں یونین کونسلز کی حد براری / حلقہ انتخاب مکمل کر لیے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جواب:</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2012 کے مورخہ 01-01-2013 سے نفاذ کے بعد ضلع تورغر میں ڈسٹرکٹ کونسل تورغر اور میونسپل کمیٹی جدبا کا قیام کیا جا چکا ہے۔ میونسپل کمیٹی جدبا کی حدود کا تعین بذریعہ نوٹیفیکیشن NO.(PDA)LG&RDD/LC-Limits)1-1/2012 مورخہ 21 جنوری 2013 کو ہو چکا ہے۔

(ii) میونسپل کمیٹی کی حدود کے علاوہ باقی تمام علاقہ ڈسٹرکٹ کونسل تورغر کا حصہ ہے تاہم اس میں یونین کونسلوں کا قیام عمل میں نہیں لایا جا سکا۔ جیسے ہی صوبائی حکومت مقامی لوکل کونسلز کی حد بندیوں کے شیڈول کا اعلان کرے گی، اس کے ساتھ ہی متعلقہ افسران کو حد بندیوں کے قیام کیلئے تعینات کر دیا جائے گا اور یہ افسران قانون کے مطابق ضلع تورغر میں یونین کونسلوں کی حد بندیوں کا کام مکمل کریں گے۔